# 13-01-2026 TUESDAY URDU NEWS BUELLTINE 17.50 HRS

## سرخیاں

......مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ملک کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کی نشاندہی کرتے ہوئے وزیراعظم نریندرمودی تمام میدان میں انہیں شامل کرر ہے ہیں۔

......ریاستی وزیر صحت داموداررراج نرسمہا نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ریاست کو صحت مند تلنگانہ میں تبدیل کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

......اڈلوری لکشمن کمار اور سیتا اکا نے کہا کہ میڈرام جاترا آنے والے بھکتوں کے لئے مشکلات سے پاک انتظامات کے لئے تمام محکمہ آپسی تال میل سے کام کریں۔

......ریاستی وزیر تملا ناگیشورراو نے کھمم ضلع رگھوناتھا پالم منڈل میں منچوکونڈہ لفٹ اریگیشن اسکیم کا آج آغاز کیا۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ملک میں نوجوان طاقت کی صلاحیتوں کی نشاندہی کرتے ہوئے وزیراعظم نریندرمودی تمام شعبوں میں ان کوشامل کرتے ہوئے ملک کوترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے اقدامات کرر ہے ہیں۔انہوں نے ضلع رنگاریڈی کے پنڈیالا موضع میں منعقدہ سوامی ویویکانندا چیالنج کپ ٹورنمنٹ کا آج افتتاح کیا۔ بعدازاں انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ کھیل کود اور نوجوان کھلاڑیوں بالخصوص دیہی علاقوں کے باصلاحیت کھلاڑیوں کی مرکز کی جانب سے حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں کامن ویلتھ گیمس ۔اوروالمپکس کے انعقاد کے لئے مرکز کی جانب سے دلچسپی لی جارہی ہے۔

OPPOINTMENT

ریاستی وزیر صحت دامودرراج نرسمہا اور ریاستی وزیر بی سی ویلفر پونم پربھا کر نے آج محکمہ صحت میں 1257 لیاب ٹیکنشن کی جائیدادوں کیلئے منتخب امیدواروں کوتقررنامے حوالے کئے۔حیدرآباد کے کوٹھی میں واقع عثمانیہ میڈیکل کالج میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دامودرراج نرسمہا نے کہا کہ حکومت کی جانب سے تلنگانہ کوصحت مند تلنگانہ بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔گذشتہ دوسال کے دوران ستر لاکھ سے زائد ملازمتوں پرتقررات کئے گئے۔اس تقریب میں راجیہ سبھا انیل کمار یادو۔مقامی کارپوریٹر سریکھا اوم پرکاش۔

اورمحکمہ صحت کے اعلیٰ عہدیداران موجود تھے۔

MEDARAM

ریاستی وزراء اڈلوری لکشمن کمار۔ سیتا اکان نے کہا ہے کہ اس مہینے کی 28 تاریخ سے 31 تاریخ تک منعقد شدنی میڈارم سکما سارلماں جاترا میں اس مرتبہ دوگنی تعداد میں بھکتو ں کی آمد کے پیش نظر مختلف محکموں کے اشتراک سے انہیں کسی بھی قسم کی مشکلات نہ ہوں اس طرح کے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے میڈام جاترا سے متعلق سکریٹریٹ میں اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس مرتبہ تقریباً تین کروڑ بھکتوں کی آمد کا اندازہ ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ سکما سارلماں جاترا کے لئے کمبھ میلے سے بہتر انتظامات کرتے ہوئے ریاستی حکومت کا نام قومی سطح پر روشن کیا جائے۔

CM TOUR

چیف منسٹر ریونت ریڈی اس مہینے کی 16 تاریخ کو عادل آباد۔ نرمل اضلاع کا دورہ کریں گے۔ وہ عادل آباد ضلع میں چنا کا کوراٹا پراجکٹ کا آغاز کرتے ہوئے موسم گرما کی کاشت کے لئے پانی چھوڑیں گے۔ بعدازاں نرمل ضلع کے صدرمٹھ بیارج کا آغاز کرتے ہوئے موسم گرما کی کاشت کے لئے پانی جاری کریں گے۔ بعدازاں چیف منسٹر نرمل شہر کے این ٹی آر منی اسٹیڈیم میں منعقدہ جلسے عام سے خطاب کریں گے۔

TUMMALA

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راو نے کہا ہے کہ رگھوناتھ پالم منڈل جو کھمم ضلع میں واقع ہے آبپاشی کے مناسب وسائل نہ ہونے کے باوجود اسے سرسبز وشادات کیا جارہا ہے۔ انہوں نے آج کھمم صلع کے رگھوناتھ پالم منڈل میں منچوکونڈہ لفٹ اریگیشن اسکیم کا آغاز کیا۔ انہوں نے بتایا کہ عوامی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد اس اسکیم کا آغاز کیا گیا ریاستی وزیر نے بتایا کہ لفٹ اریگیشن اسکیم سے منڈل کے عوام کا برسا برس خواب شرمندہ تعبیر ہوا ہے۔

REVANTH REDDY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں سے کہا کہ سرکاری اسکولس کے طلبا کے لئے بائیس کتابوں پر مشتمل ایجوکیشنل کٹ کے معیار میں کسی بھی طرح کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے اس کے لئے حکمت عملی کو قطعیت دینے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آئندہ تعلیمی سال کے دوران اسکولس کے آغاز تک طلبا کو یہ کٹ فراہم کی جائے۔

DHANIMAYM BONUS

باریک چاول دھان سربراہ کرنے والے کسانوں کے لئے فی کنٹل پانچ سو روپے کے حساب سے بونس کے تحت پانچ سو کروڑ روپے محکمہ سیول سپلائز کی جانب سے جاری کئے گئے ہیں۔ یہ رقم کسانوں کے کھاتوں میں جمع کروائی گئی ہے۔ تاحال کسانوں کے لئے جاری کردہ بونس کی رقم ایک ہزار چار سو پچیس اعشاریہ اکیانوے کروڑ روپئے تک پہونچ گئی ہے۔

RAILWAY

ساوتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار سریواستو نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ سنکرانتی تہوار کے دوران مسافرین کے ہجوم کو دیکھتے ہوئے ریلوے اسٹیشنوں میں خصوصی سیکوریٹی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بکنگ کاونٹرس ۔ بورڈنگس اور باب الداخلہ کے پاس مسافرین کے تحفظ کے لئے آر پی ایف دستوں کو تعینات کیا جائے۔ ساتھ ہی تہوار کے پیش نظر خصوصی ٹرینوں کی اطلاع وقفہ و قفہ سے مسافرین کو فراہم کی جائے۔

DEEPIKA

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے جاریہ سال نئی دہلی میں منعقد شدنی یوم جمہوریہ تقریب میں ہندوستانی نابینا کرکٹ ٹیم کپتان دیپکا کو شرکت کی دعوت دی ہے۔ محکمہ ڈاک کے عہدیداروں نے آندھراپردیش کے شری ستہ سائی ضلع ۔ املاپورم منڈل میں مقیم دیپکا کے آبائی مقام کا دورہ کرکے انہیں دعوت نامہ حوالے کیا۔ اس دعوت نامہ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے دیپکا نے کہا کہ صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے مدعو کرنا ان کے لئے باعث فخر ہے۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں سرد ہواوں کی شدت میں کمی نہیں ہوئی ہے۔ اگلے دو دنوں کے دوران موسم متعدل رہنے کی پیش قیاس کی گئی ہے۔

RUB

رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر نے آج ملکاجگیری لوک سبھا حلقے کے تحت واقع الوال ۔ بلارم ۔ بازار ریلوے اسٹیشن کے درمیان روڈ انڈر بریج کی توسیع کے کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس علاقے میں ٹریفک کے مسئلہ کی یکسوئی کے لئے پارلیمنٹ میں موضوع اٹھایا گیا تھا اور مرکزی وزیر ریلوے سے ملاقات کرکے فنڈس منظور کروائے گئے۔ رکن پارلیمنٹ نے بتایا کہ توسیعی کاموں کے لئے مکمل فنڈس مرکز کی جانب سے منظور کئے جائیں گے۔ ایٹلا راجندر نے مزید کہا کہ تاحال حیدرآباد کے تحت واقع سکندرآباد ۔ کاچی گوڑہ ۔ ناملی ۔ چرلہ پلی ریلوے اسٹیشنوں کی جدید کاری کے لئے دو ہزار کروڑ روپئے خرچ کئے گئے ہیں۔ اس تقریب میں رکن اسمبلی ایم راج شیکھر ریڈی ۔ ریلوے ڈی جی ایم اودے ناتھ ۔ ڈی ایم سنتوش کمار ۔ سینئر ڈی سی ایم اننت پوار اور دوسرے موجود تھے۔

NGRE

رکن پارلیمنٹ محبوب نگر ڈی کے ارونا نے بتایا کہ مرکز میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے اقتدار میں آنے کے بعد قومی دیہی روزگار ضمانت اسکیم کے لئے آٹھ لاکھ کروڑ روپئے سے زائد کے فنڈس خرچ کئے گئے۔ انہوں نے آج محبوب نگر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ جی رام جی بل سے غریبوں کو فائدہ پہونچے گا۔

sound byte

PONGULETI

ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس نے آج ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کے اشواراو پیٹ میں بعض ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ عوامی فلاح و بہبود ہی حکومت کا مقصد ہے۔

sound byte

PCC

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت کی جانب سے نافذ العمل اسکیمات کی ملک بھر میں مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی توقع کے مطابق خدمت انجام دے رہی ہے۔ پی سی سی کے صدر نے واضح کیا کہ ریاست کے لئے پانی کے حصے کے معاملے میں قطعی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ ریاست کے عوام بدعنوانیوں کو برداشت نہیں کرتے۔سابق میں بی ار ایس دورے حکومت میں بڑے پیمانے پر بدعنوانیوں کا عوام کو یقین ہے اس لئے ہر انتخابات میں عوام بی ار ایس کو سبق سکھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی ار ایس کا صرف ماضی ہے مستقبل نہیں۔